www.jang.com.pk
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ
THE DAILY JANG RAWALPINDI
روزنامہ جنگ راولپنڈی
رجسٹرڈ نمبر NPR-002
فون 5962449، 5962444 فیکس 5962277
LOCAL EDITION SATURDAY MAY 20, 2023
بانی...... میر خلیل الرحمن
صفحات 12 قیمت 30 روپے
جلد 65 | ہفتہ 29 شوال المکرم 1444ھ 20 مئی 2023ء 6 جیٹھ 2080ب | نمبر 138

# ریٹائرڈ اساتذہ کو واجبات جلد ادا کئے جائیں، وفاقی محتسب

## واجبات 2021ء سے ادا نہیں کئے گئے، بجٹ میں بھی فنڈز مختص کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سینکڑوں ریٹائرڈ اساتذہ کو ریٹائرمنٹ کے بعد کے واجبات ادا نہ کرنے کا از خود نوٹس لیتے ہوئے وزارت خزانہ اور وفاقی نظامت تعلیم کو ہدایت کی ہے کہ ان اساتذہ کے واجبات بشمول ایل پی آر کے دوران تنخواہوں کی یکمشت ادائیگی، ریٹائرمنٹ کے بعد آبائی گھر تک کے سفری الاؤنس اور کرایہ مکان کے بقایا جات فوری ادا کئے جائیں۔ ایک ویب سائٹ پر بتایا گیا تھا کہ فیڈرل ڈائریکٹوریٹ اسلام آباد کے ماتحت تعلیمی اداروں سے ریٹائرڈ ہونے والے سینکڑوں اساتذہ اور پروفیسروں کو ریٹائرمنٹ کے بعد ملنے والے واجبات 2021ء سے ادا نہیں کئے گئے جس کے باعث وہ شدید مالی مشکلا

باقی صفحہ 10 نمبر 1

بقیہ وفاقی محتسب 1

کا شکار ہیں، بقایا جات کی مالیت دو ارب 60 کروڑ روپے سے زیادہ بنتی ہے۔ وفاقی محتسب کے رابطے پر وفاقی نظامت تعلیم نے بتایا کہ فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث واجبات کی ادائیگی نہیں ہو پائی۔ وفاقی محتسب نے وزارت خزانہ کو نئے بجٹ میں فنڈز مختص کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے وفاقی نظامت تعلیم کو کہا ہے کہ رواں مالی سال میں دستیاب وسائل سے اساتذہ کے بقایا جات جلد ادا کئے جائیں اور باقی تمام اساتذہ کو اگلے بجٹ کی ر سے بقایا جات دیئے جائیں۔

DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk

بانی ایڈیٹر انچیف میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا اسلام آباد

SATURDAY, MAY 20, 2023

جلد نمبر 29 | ہفتہ، 29 شوال 1444ھ 20 مئی 2023ء 6 جیٹھ 2080ب | شمارہ 77

فون نمبر: 051-2891830 فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 12 قیمت 30 روپے

# وفاقی محتسب کا اساتذہ کو ڈھائی ارب کی عدام ادائیگی کا نوٹس

## وزارت خزانہ کو سینکڑوں ریٹائرڈ اساتذہ کیلئے نئے بجٹ میں فنڈز مختص کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سینکڑوں ریٹائرڈ اساتذہ کو واجبات ادا نہ کرنے کا ازخود نوٹس لیتے ہوئے وزارت خزانہ اور وفاقی نظامت تعلیم کو ہدایت کی ہے کہ ان اساتذہ کے واجبات بشمول ایل پی آر کے دوران تنخواہوں کی یکمشت ادائیگی، ریٹائرمنٹ کے بعد آبائی گھر تک کے سفری الاؤنس اور کرایہ مکان کے بقایا جات فوری ادا کئے جائیں، ایک ویب سائٹ پر بتایا گیا تھا کہ فیڈرل ڈائریکٹوریٹ کے ماتحت اداروں سے ریٹائرڈ سینکڑوں اساتذہ اور پروفیسروں کو واجبات سال 2021ء سے ادا نہیں کئے گئے، ان بقایا جات کی مالیت دو ارب 60 کروڑ روپے سے زیادہ بنتی ہے، وفاقی محتسب نے وزارت خزانہ کو نئے بجٹ میں فنڈز مختص کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے وفاقی نظامت تعلیم کو کہا ہے کہ اساتذہ کے بقایا جات جلد از جلد ادا کئے جائیں۔

مسلسل اشاعت کے 83 سال

editor@nawaiwaqt.com.pk @nawaiwaqt

nawaiwaqt.com.pk fb.com/nawaiwaqt

LOCAL

DAILY NAWA-I-WAQT
RAWALPINDI
ISLAMABAD

روزنامہ نوائے وقت

SATURDAY 20 MAY

جلد 68 | ہفتہ 29 شوال 1444ھ، 20 مئی 2023ء، 6 جیٹھ 2080ب | UAN111-222-987 | قیمت 30 روپے | صفحات 10 | 003 | شمارہ 304



EAGLE CABLES


# وفاقی محتسب کا ریٹائرڈ اساتذہ کو واجبات ادا نہ کرنے کا ازخود نوٹس

## رواں مالی سال میں دستیاب وسائل سے اساتذہ کے بقایاجات جلد از جلد ادا کئے جائیں: اعجاز قریشی

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سینکڑوں ریٹائرڈ اساتذہ کو ریٹائرمنٹ کے بعد کے واجبات ادا نہ کرنے کا ازخود نوٹس لیتے ہوئے وزارت خزانہ اور وفاقی نظامت تعلیم کو ہدایت کی ہے کہ ان اساتذہ کے واجبات بشمول ایل پی آر کے دوران تنخواہوں کی کمیوٹیشن ادائیگی ریٹائرمنٹ کے بعد آنے والی گریجویٹی کے بقایاجات فوری ادا کئے جائیں۔ تفصیلات کے مطابق پرو پاکستان (Pro Pakistan) نامی ویب سائٹ پر بتایا گیا


صفحہ 5 بقیہ نمبر 21


### بقیہ 21 | اعجاز قریشی

کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے تعلیمی اداروں سے ریٹائر ہونے والے سینکڑوں اساتذہ بشمول پروفیسروں کو ریٹائرمنٹ کے بعد ملنے والے واجبات سال 2021 سے ادا نہیں کئے گئے جس کے باعث وہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں۔ ان بقایاجات کی مالیت دو ارب 60 کروڑ روپے سے زیادہ بنتی ہے۔ وفاقی محتسب کی طرف سے رابطہ کرنے پر وفاقی نظامت تعلیم نے بتایا کہ فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث ریٹائرڈ اساتذہ کو واجبات کی ادائیگی نہیں ہو پائی۔ وفاقی محتسب نے وزارت خزانہ کو بجٹ میں فنڈز مختص کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے وفاقی نظامت تعلیم کو کہا ہے کہ رواں مالی سال میں دستیاب وسائل سے اساتذہ کے بقایاجات جلد از جلد ادا کئے جائیں اور باقی بچ جانے والے تمام اساتذہ کو اگلے بجٹ میں مختص کی گئی رقم سے بقایاجات دیے جائیں۔

★★★★★★★

ABC CERTIFIED

قسم ہے قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں ، القرآن

اسلام آباد، پشاور، لاہور، ملتان، رحیم یار خان، مظفرآباد، کراچی، فرینکفرٹ، لندن اور گلگت بلتستان سے بیک وقت شائع ہونے والا پہلا اردو اخبار

E-mail: ausaf@dsl.net.pk اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف اسلام آباد

DAILY AUSAF ISLAMABAD

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد: 25 ہفتہ، 29 شوال المکرم 1444ھ، 20 مئی 2023ء، 6 جیٹھ 2080ب، صفحات 10 قیمت 30 روپے شمارہ: 150

Registered ID 174


# وفاقی محتسب کی ریٹائرڈ اساتذہ کو واجبات ادائیگی کی ہدایت

## اساتذہ کو بجٹ میں ملنے والی رقم سے بقایاجات دیئے جائیں، اعجاز قریشی

اسلام آباد (وقائع نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سینکڑوں ریٹائرڈ اساتذہ کو ریٹائرمنٹ کے بعد کے واجبات ادا نہ کرنے کا از خود نوٹس لیتے ہوئے وزارت خزانہ اور وفاقی نظامت تعلیم کو ہدایت کی ہے کہ ان اساتذہ کے واجبات بشمول ایل پی آر کے دوران تنخواہوں (باقی صفحہ 4 بقیہ نمبر 48)

اندرونی سازشوں کا شکار ہو رہا ہے۔

اوصاف | وفاقی محتسب | 48

کی یکمشت ادائیگی، ریٹائرمنٹ کے بعد آبائی گھر تک کے سفری الاؤنس اور کرایہ مکان کے بقایاجات فوری ادا کئے جائیں۔ تفصیلات کے مطابق پرو پاکستان (Pro Pakistan) نامی ویب سائٹ پر بتایا گیا تھا کہ فیڈرل ڈائریکٹوریٹ اسلام آباد کے ماتحت تعلیمی اداروں سے ریٹائرڈ ہونے والے سینکڑوں اساتذہ اور پروفیسروں کو ریٹائرمنٹ کے بعد ملنے والے واجبات سال 2021ء سے ادا نہیں کئے گئے جس کے باعث وہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں۔

ABC CERTIFIED
THE DAILY MUMTAZ RAWALPINDI
روزنامہ ممتاز راولپنڈی
بانی: عبداللہ بٹ
جلد 6 | ہفتہ 20 مئی 2023ء، 29 شوال المکرم 1444ھ، 6 جیٹھ 2080 ب | شمارہ 141

# ریٹائرڈ اساتذہ کے واجبات کی عدم ادائیگی کا نوٹس

## وزارت خزانہ اور نظامت تعلیم واجبات فوری ادا کریں، وفاقی محتسب

اسلام آباد (ممتاز نیوز) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سیکڑوں ریٹائرڈ اساتذہ کو ریٹائرمنٹ کے بعد کے واجبات ادا نہ کرنے کا از خود نوٹس لیتے ہوئے وزارت خزانہ اور وفاقی نظامت تعلیم کو ہدایت کی ہے کہ ان اساتذہ کے واجبات بشمول ایل پی آر کے دوران تنخواہوں کی یکمشت ادائیگی، ریٹائرمنٹ کے بعد آبائی گھر تک کے سفری الاؤنس اور گروپ مکان کے بقایاجات فوری ادا کئے جائیں۔ تفصیلات کے مطابق پرو پاکستان (Pro Pakistan) اخبار میں شائع خبر پر نوٹس لیا گیا تھا کہ فیڈرل ڈائریکٹوریٹ اسلام آباد کے ماتحت تعلیمی اداروں سے ریٹائرڈ (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 26)

بقیہ 26

### محتسب

ہونے والے سیکڑوں اساتذہ اور پروفیسروں کو ریٹائرمنٹ کے بعد ملنے والے واجبات سال 2021ء سے ادا نہیں کئے گئے جس کے باعث وہ شدید مالی مشکلات کا شکار ہیں۔ ان واجبات کی مالیت دو ارب 60 کروڑ روپے سے زیادہ بنتی ہے۔ وفاقی محتسب کی طرف سے رابطہ کرنے پر وفاقی نظامت تعلیم نے بتایا کہ فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث مذکورہ اساتذہ کو واجبات کی ادائیگی نہیں ہو پائی۔